نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گرمی کی شدت کے پیشِ نظر کپاس کی بہتر دیکھ بھال کیلئے حکمت عملی جاری کر دی۔

لاہور: **21 مئی 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار شدید گرمی سے بچاؤ کیلئے ترجیحاً گرمی کو برداشت کرنے والی اقسام کاشت کریں۔گرمی کی شدت (Heat Wave) کے پیش نظر کپاس کی بوائی سے پہلے زمین میں گہرا ہل چلایا جائے اور ڈبل راؤنی دی جائے تاکہ مٹی میں نمی کا ذخیرہ بڑھے، زمین نرم ہو اور فصل گرمی کے دباؤ کو بہتر برداشت کر سکے۔موسمی یا پچھیتی کپاس کاشت کی صورت میں گرمی کے اثرات کو کم کرنے کے لیے 3 دن کے وقفے سے پانی لگائیں۔پانی کی ضرورت کو جانچنے کے بعد اگر فصل کو پانی کی کمی ہو تو ترجیحاً شام یا رات کے وقت پانی دیا جائے۔فصل کو ایک ہی دفعہ زیادہ پانی دینے کی بجائے وقفہ وقفہ سے ہلکی آبپاشی کریں تاکہ جڑوں کو خوراک اور سانس لینے میں آسانی رہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ پوٹاشیم نائٹریٹ (2%) محلول کے ہفتہ وار چار سپرے پھول نکلنے سے شروع کریں تاکہ بہتر نتائج حاصل ہو سکیں۔مزید براں پھل کے کیڑا سے بچاؤ کے لیے سفارش کردہ بائیو اسٹمولینٹ (Bio Stimulants) یعنی نشوونما کو تیز کرنے والے مرکبات امائنو ایسڈ وغیرہ اسپرے کرنے سے نہ صرف پھل کا کیڑا کم ہوتا ہے بلکہ پودے کی نشوونما میں بھی بہتری آتی ہے۔

☆☆☆☆